کی صورت میں ترجمہ لکھنا اور مختلف لائنوں میں جیسے سات لائنوں سے لے کر ۱۶ لائنوں تک کے مختلف قرآنی ایڈیشن شامل ہیں جن کی مختلف رنگوں اور جلدوں میں اشاعت کی گئی ہے، اب تک بہ نشر پبلی کیشر کے آرڈر پر تقریباً اٹھارہ لاکھ کے قرآنی ایڈیشن نشر کئے جا چکے ہیں جو کہ اس وقت مشہد مقدس اور ملک کے بہ نشر کتاب اسٹور پر دستیاب ہیں۔

## خصوصی اشاعت میں چالیس سالہ تجربہ

’’بہ نشر‘‘ ایک ایسا پبلی کیشر ادارہ ہے جسے نشر و اشاعت میں تقریبا ۴۰ سال کا تجربہ حاصل ہے، آستان قدس رضوی سے وابستہ اس اشاعتی ادارے نے ۱۹۸۳ سے ایک عمومی پبلی کیشر کے عنوان سے مختلف موضوعات پر کتب کی اشاعت کی ہے، یہ اشاعتی ادارہ اپنی تاسیس کے بعد کی پہلی تین دہائیوں کے دوران مصنفین کی متعدد تصانیف کو مختلف عناوین میں اشاعت کرنے کے لئے اپنی طرف راغب کرنے میں کامیاب رہا ہے، کتب کی تدوین، صفحات کی ترتیب اور سرورق کے ڈیزائن کے بعد اس کتاب کی طباعت اور اشاعت کو انجام دیا جاتا ہے۔ آستان قدس رضوی پبلی کیشر جو کہ ۲۰۱۶ تک ایک عمومی پبلی کیشر کی حیثیت سے ۲۶ موضوعات جن میں نفسیات، اسلامی علوم، بنیادی علوم، میڈیکل، انجینرنگ اور ادبیات وغیرہ شامل ہیں متعدد تالیفات اور تراجم کی اشاعت کر چکا ہے یہ کتابیں بچوں، نوجوانوں، محققین اور یونیورسٹی کے طلباء کے لئے زیور طبع سے آراستہ کی گئی ہیں۔

## حرم امام رضا کے زائرین کے لئے گرانقدر تصانیف کی اشاعت

آستان قدس رضوی کے سربراہان کی رہبر معظم انقلاب اسلامی سے جو میٹنگ منعقد ہوئی اس میں رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اس بات پر تاکید فرمائی کہ زائرین کے لئے ضروری مطالب کو تحریری شکل دی جائے، اس حکم کے بعد پہلی بار متعلقہ سربراہان نے حرم امام رضا علیہ السلام میں تصانیف کو چھاپنے کی بنیاد رکھی اور اس طرح سے ۲۰۰۳ میں آستان قدس رضوی کے ادارہ تبلیغات اسلامی میں ثقافتی پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ کی تاسیس کی گئی جس میں ایک کتاب کمیشن بنایا گیا اور کمیشن کے یہ ارکان کتابوں کی تیاری یا خریداری کے مراحل کا جائزہ لیتے تھے، رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کے مطابق زائرین کی علمی ضروریات کو کتابی صورت میں فراہم کرنے پر تاکید کی گئی تھی اس مقصد کے لئے مطبوعہ پروڈکشر؛ بروشرز سے کتاب پروڈکشن کی طرف منتقل ہوئیں اور حتی بروشرز کی شکل میں تیار کردہ مواد کو بھی کتابی صورت دی گئی۔

## تحقیق کا انداز، کتاب کی شکل میں

آستان قدس رضوی کی اسلامک ریسرچ فاونڈیشن کی تحقیقی سرگرمیاں؛ خاص موضوعات، قرآنی علوم، احادیث، فقہ و اصول، عقائد اور اسلامی تعلیمات، رضوی ثقافت اور طرز زندگی، انقلاب اور جدید اسلامی تہذیب، اخلاق اور تربیت اسلامی وغیرہ پر مشتمل ہیں، اپنی تاسیس سے لے کر اب تک یہ تحقیقاتی مرکز مختلف موضوعات پر جیسے فقہ و اصول، حدیث، ترجمہ، جغرافیہ، تاریخ، ثقافت و سیرت رضوی، اسلامی شجرہ نسب (انساب) اور اسلامی اعزازات، اخلاق، انقلاب اور جدید اسلامی تہذیب، اسلامی معیشت، کلام، فلسفہ، اسلامی فن تعمیر وغیرہ پر چار ہزار عنوان سے ڈیڑھ کروڑ کتابیں شائع کر چکا ہے۔

## یونیورسٹی اور جوانوں کی پسندیدہ اشاعت

حالیہ برسوں میں آستان قدس رضوی کے بنیادی اقدامات میں سے ایک اہم اقدام اپنے قارئین و سامعین کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے مقصد سے تعارفی تصانیف اور مصنوعات کی پروڈکشن اور اشاعت ہے، اس سلسلے میں آج کے نوجوانوں اور جوانوں کے مسائل، سوالات اور شکوک و شبہات کا بغور جائزہ لینے کے بعد حوزہ علمیہ اور یونیورسٹی کی ممتاز شخصیات اور پروفیسرز کے تعاون سے مختلف عناوین اور بنیادی مطالب پر مشتمل کتب تالیف کی جاتی ہیں اور حتی اس کے بعد والے مرحلے میں مخاطبین کے ذوق کو مد نظر رکھتے ہوئے مختلف تعلیمی پروڈکٹس کو مختلف فارمیٹس اور فریم ورک کے ساتھ آستان قدس رضوی کے جوانان انسٹیٹیوٹ کے تعاون سے تیار کیا جاتا ہے جن میں کتاب، ویڈیو کلپ، ورچوئل کورس، ملٹی میڈیا مصنوعات، ورچوئل پوسٹ اور مختلف فن پارے شامل ہیں۔ آستان قدس رضوی اپنی تمام تر اشاعتی سرگرمیوں کے ساتھ حوزہ علمیہ اور یونیورسٹی کے میدان میں بھی اہم خدمات انجام دے رہا ہے ان میں علوم اسلامی رضوی یونیورسٹی، بین الاقوامی یونیورسٹی امام رضاؑ اور مدرسہ عالی فقاہت شامل ہیں جن میں طلباء کے لئے تعلیمی مواد کی اشاعت بھی کی جاتی ہے۔

## آرٹ اور کتب کے دلنشین امتزاج کے شاہکار

روضہ منورہ امام رضاؑ کا فن تعمیر اسلامی فن کا عکاس ہے جو بھی اس مقدس و ملکوتی آستانہ کی زیارت کے ارادے سے حرم میں قدم رکھتا ہے پہلی نظر میں ہی اس نورانی و ملکوتی حرم کے ایرانی اور اسلامی فن تعمیر کی شان و شوکت سے مسحور اور حیرت زدہ ہو جاتا ہے، زائرین و مجاورین کو حرم امام رضاؑ دیکھ کر اسلامی فن تعمیر کی عظمت کا پتہ چلتا ہے۔ آستان قدس رضوی نے مختلف ادوار میں اسلامی فن تعمیر کے شائقین کو اس قیمتی خزانے کا تعارف کرانے کے لئے